مکتوب الشیخ محمد بن عبداللہ السُّبیل
سربراہ مسجد حرام و مسجد نبوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مملکۃ عربیہ سعودیہ — حوالہ ۱/۹۲

امور مسجد حرام و مسجد نبوی کے مرکزی ادارہ کے سربراہ کی جانب سے مورخہ ۱۵-۶-۱۴۱۳ھ

الاخ الفاضل الاستاذ بشیر احمد حسیم اللہ بخش مدرس اول تفسیر القرآن والحدیث (حفظہ اللہ)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

بعداز اسلام مسنون------- پس تحقیق آپ کا مکتوب گرامی موصول ہوا۔ آپ نے اس بات کی صحت کے متعلق وضاحت طلب کی ہے کہ کیا آئمہ حرمین شریفین مقلد ہیں؟ اور حنبلی ہیں؟ اور کیا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ کو اقوال آئمہ کی وجہ سے رد کرتے ہیں؟

سو اللہ کی توفیق سے میں کہتا ہوں۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور درود و سلام ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل و اصحاب پر اور ان لوگوں پر جو آپ کی راہ پر چلے آپ کی راہنمائی کی بدولت۔

حمد و صلوۃ کے بعد------ البتہ تحقیق اعداء اسلام کی عادت رہی ہے ماضی و حال میں اسلام کی بیخ کنی کرنے پر ابناء اسلام کے قلوب سے۔ اور ان کے وسائل خبیثہ

میں سے ہے کہ وہ فقہ و فقہاء کے بارے میں شکوک و شبہات پیدا کرنے کے راستے پر چلے اور بعض جاہلوں اور بے وقوفوں کو مسخر کیا۔ سو انہوں نے مذاہب کے متبعین (یعنی مقلدین) کے سامنے اختلافی مسائل کو اچھالا تاکہ ایک طرف تو وہ ان کے درمیان فساد و نزاع برپا کریں اور ان کو ان اختلافی مسائل کی وجہ سے ایسے امور سے غافل کر دیں جو ان کو گھیرے ہوئے ہیں اور دوسری طرف مسلمانوں کو فقہ و فقہاء پر اعتماد کی دولت سے محروم کر دیں اور ان کو احکام دین اور مذاہب سے باہر کر دیں نتیجتاً وہ اہواء و آراء کے شرک میں مبتلا ہو جائیں۔ اور البتہ تحقیق ماضی میں آئمہ اعلام ان سازشوں پر متنبہ ہوئے تو انہوں نے ان اعداء اسلام کے چہروں سے نقاب الٹ دیا اور ان کے تمام راستوں میں ان کا تعاقب کیا۔ سو انہوں نے اختلاف فقہاء کی حقیقت کو واضح کرنے کے لیے چھوٹی اور بڑی کئی کتابیں تالیف کیں۔ اور انہوں نے اصولی و فروعی اختلاف کے درمیان فرق واضح کیا۔ اور لوگوں پر ان اعداء اسلام کی بری نیات اور فساد مقاصد کو بھی خوب واضح کیا۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا فرمان جو بعض فقہی اختلافی مسائل پر بحث کے بعد ہے ملاحظہ ہو شیخ نے فرمایا۔

"اور اس کی وجہ سے ان لوگوں کا معاون بن گیا جو اہل سنت کے مذاہب کے درمیان فتنہ پیدا کرتے ہیں تاکہ یہ داعیہ بن جائے ان کے اہل السنت والجماعت سے نکلنے کا اور رافضیوں اور ملحدین کے مذاہب میں داخل ہونے کا۔

بہر حال ہمارا حنبلی ہونا سو بالکل صحیح ہے وہ یعنی مسجد حرام اور مسجد نبوی کے آئمہ امام اہل السنت احمد بن حنبل کے پیروکار ہیں کیونکہ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے "امام اہل سنت" نام رکھنے پر علماء کا اجماع ہے پس جو شخص ان کے متبعین پر طعن کرتا ہے۔ اپنے عمل بالسنت کے زعم کی وجہ سے وہ حقیقت میں امام موصوف کی ذات پر طعن کرتا ہے رہی یہ بات کہ وہ احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رد کرتے ہیں سو

جو کہتے ہیں ۔ یہ بہت بڑا بہتان ہے۔ سبحانک هذا بہتان عظیم۔ مسجد حرام اور مسجد نبوی کے آئمہ اس سے بری ہیں بلکہ وہ اس شخص سے بھی بری ہیں جو ایسا کرتا ہے۔

اور اگر ان میں سے کسی کے بارے میں ثابت ہو جائے کہ اس نے احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کسی حدیث پر عمل ترک کیا ہے تو مناسب یہ ہے کہ اس کو اس بات پر محمول کیا جائے کہ اس کو اس حدیث کا علم نہیں یا ترک کنندہ کے نزدیک ثابت نہیں یا وہ اس اس حدیث کو بھول گیا یا اس کا اعتقاد اس حدیث کے عدم دلالت کا ہے یا اس حدیث کے معارض دوسری حدیث کے پائے جانے کا یقین ہے یا اس معارض کیوجہ سے متروک حدیث کے ضعف کا اعتقاد ہے جبکہ وہ متروک حدیث خود معارض بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔

آخر میں عرض یہ ہے کہ بے شک آج مسلمانوں کے لیے مناسب یہ ہے کہ وہ اپنے اندر اس وسعت اور فراخدلی کو قائم رکھیں جو ان کے سلف صالحین میں تھی اور اپنے نفسوں پر اس امر کے بارے میں تنگی پیدا نہ کریں جس میں اللہ نے وسعت رکھی ہے۔ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ مسلمانوں کو حق بات پر جمع کر دے اور یہ کہ وہ ہمیں ہدایت کنندہ اور ہدایت یافتہ بنا دے۔ اللہ تمہارا نگہبان ہو۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ

(دستخط) محمد بن عبداللہ السُبَیّل

امور مسجد حرام و مسجد نبوی کا سربراہ (چیئرمین)

اور امام و خطیب مسجد حرام۔

رابطة العالم الإسلامي
الأمانة العامة - مكة المكرمة
إدارة المجمع الفقهي



Muslim World League
Secretariat General
Makkah al-Mukarramah

الرقم ١٦٦ التاريخ ١٤١٦ المرفقات ٦

الموضوع الإجابة على الاستفسارات

المكرم د. عدنان حكيم حفظه الله
باكستان - بواسطة شيخ غلام مصطفى بن عبدالحكيم

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته وبعد.-

فبالاشارة إلى خطابكم المؤرخ في ١٩٩٥/٧/١٩م المتضمن طلب الإجابة عن بعض الاستفسارات.

يسرني أن أبعث أليكم بطيه إجابة معالي الشيخ محمد بن . الله السبيل الرئيس العام لشئون المسجد الحرام والمسجد النبوي الشريف وعضو المجمع الفقهي الإسلامي.

وفق الله الجميع لما يحبه ويرضاه.

مدير المجمع الفقهي الإسلامي

د. أحمد حمدالله

ع/ ١/١

بسم الله الرحمن الرحيم

المملكة العربية السعودية

الرئاسة العامة لشئون المسجد الحرام والمسجد النبوي

الإجابة على أسئلة الدكتور / عدنان حكيم من باكستان

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين وأصلي وأسلم على سيدنا محمد عبده ورسوله وعلى آله وصحبه أجمعين

(السؤال الأول)/ هل إجماع الصحابة الكرام البررة والتابعين وفقهاء الأمة حجة شرعية أم لا ؟ وهل يعتبر مصدرا ثالثا للتشريع الإسلامي أم لا ؟ وما دليل حجية الإجماع وماحكم منكر الإجماع كليا وهل يجوز مخالفة الإجماع.؟

(الجواب الأول)/ إجماع الصحابة الكرام البررة حجة شرعية باتفاق العلماء.

وإجماع التابعين وفقهاء الأمة حجة شرعية خلافا لداود الظاهري الذي يرى أن إجماع غير الصحابة ليس حجة شرعية.

والقول بأنه حجة هو الصحيح ،لأن الأدلة على حجية الإجماع عامة لكل إجماع حيث تشمل إجماع الصحابة وغيرهم وبذلك يكون القول بأن إجماع الصحابة وحدهم حجة تحكم لادليل عليه.

ويعتبر الإجماع هو المصدر الثالث من مصادر التشريع الإسلامي بعد الكتاب والسنة.

الأدلة على حجية الإجماع:

الإجماع حجة شرعية عند جمهور العلماء، يجب العمل به والأدلة على ذلك من الكتاب والسنة كثيرة نذكر منها مايلي:

١) من الكتاب:

استدلوا بقوله تعالى ﴿ ومن يشاقق الرسول من بعد ماتبين له الهدى ويتبع غير سبيل المؤمنين نوله ماتولى ونصله جهنم وساءت مصيرا ﴾ النساء ١١

ووجه الإستدلال أن الله سبحانه وتعالى توعد من يتبع غير سبيل المؤمنين ولو لم يكن محرما ماتوعد عليه ولما جمع بينه وبين مشاقة الرسول التي هي حرام وإذا كان اتباع غير سبيل المؤمنين حرام كان اتباع سبيل المؤمنين واجبا والحكم المجمع عليه هو سبيل المؤمنين ، لأن المراد من السبيل في الآية مااختاره الإنسان لنفسه من قول أو فعل.

٢) من السنة: عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ﴿ إن الله لايجمع أمتي أو قال أمة محمد صلى الله عليه وسلم على ضلالة ﴾ أخرجه الترمذي ، وعن ابن عمر رضي الله عنهما أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ﴿ إن الله لايجمع أمتي أو قال أمة محمد صلى الله عليه وسلم على ضلالة ، ويد الله مع الجماعة ومن شذ شذ إلى النار ﴾ أخرجه الترمذي.

ووجه الاستدلال أن هذه الأحاديث بألفاظها المختلفة اتفقت على معنى واحد هو عصمة الأمة عن الخطأ فدل على أن إجماع العلماء حجة شرعية.

وهذه الأحاديث تمسك بها الصحابة ومن بعدهم في إثبات الإجماع من غير خلاف فيها ولانكير إلى زمان ظهور المخالفين.

حكم منكر الإجماع كليا: اختلف العلماء في حكم منكر الإجماع القطعي على ثلاثة أقوال .

الأول: أن انكار الإجماع القطعي يوجب الكفر مطلقا.

الثاني: أنه لايوجب الكفر مطلقا.

الثالث. إن كان الإجماع في أمر علم قطعا كونه من الدين كالصلوات الخمس مثلا فإنه يوجب الكفر وإن لم يكن كذلك لم يوجب الكفر.

– أما عن مخالفة الإجماع فإنه لايجوز لما ذكرنا من كونه حجة شرعية يجب العمل به.

(السؤال الثاني)/ القياس مبني على الظن والمبني على الظن ظني والله سبحانه وتعالى نهى عن اتباع الظن بقوله ﴿ولاتقف ماليس لك به علم﴾ الاسراء ٣٦ فلا يصح الحكم بالقياس ، لانه اتباع الظن.؟

(الجواب الثاني)/ القياس هو المصدر الرابع من مصادر الفقه الإسلامي ودلت الادلة الشرعية من الكتاب والسنة والإجماع على حجيته وعمل به الصحابة والتابعون وفقهاء الامة عبر العصور وجمهور العلماء ذهبوا إلى أنه يجب العمل بالقياس وأنكر ذلك داود الظاهري وأتباعه وقالوا بأن القياس ليس حجة شرعية واستندوا إلى أدلة منها ماذكرته في سؤالك وقد أجاب العلماء على أدلتهم ونذكر باختصار بعض الإجابات وإذا أردت التوسع فعليك بكتب أصول الفقه كالبرهان للجويني والمحصول للرازي والأحكام للامدي وشروح مختصر ابن الحاجب وأصول السرخسي وكشف الأسرار لعبدالعزيز البخاري فإن فيها ردا مطولا على شبهات نفاة القياس.

أما ماساقوه من آيات تنهى عن الظن فلا علاقة له بالقياس ولاينطبق عليه لأن المنهي عنه هو اتباع الظن في العقائد أما الأحكام العملية فكثير من أدلتها ظنية ولو اعتبرنا هذه الشبهة لتركنا النصوص الظنية الدلالة وهذا باطل.

اما استدلالهم بقوله تعالى ﴿ لاتقف ماليس لك به علم ﴾ المراد به :النهي أن يحيد الإنسان عن مدرك اليقين مع إمكان التيقن واعتماده على الحدس والتخمين وهذا النهي لايشمل القياس الشرعي لأن إلحاق الفرع بالأصل في الحكم لوجود العلة الجامعة بينهما ليس من قبيل القول بغير علم المنهي عنه في الاية ؛ لأن يقوم به المجتهد هو بناء على مانرجح لديه وأداه إليه اجتهاده .

(السؤال الثالث)/ مادليل حجية القياس الشرعي ؟

(الجواب الثالث)/ الأدلة على حجيته استدل العلماء على حجية القياس بأدلة من الكتاب والسنة والإجماع والمعقول وسوف نذكر بعضا منها فإذا أردت التوسع فعليكَ بكتب الأصول التي ذكرناها لك سابقا في رد شبهات منكري القياس .

فمن الكتاب. قوله تعالى ﴿ هو الذي أخرج الذين كفروا من أهل الكتاب من ديارهم لأول الحشر ماظننتم أن يخرجوا وظنوا أنهم مانعتهم حصونهم من الله فأتاهم الله من حيث لم يحتسبوا وقذف في قلوبهم الرعب يخربون بيوتهم بأيديهم وأيدي المؤمنين فاعتبروا يا أولي الأبصار﴾ الحشر ٢

وموضع الاستدلال هو قوله تعالى ﴿ فاعتبروا يا أولي الأبصار ﴾ ووجه الاستدلال منه أن الله تعالى لما أخبر المسلمين بما حاق بيهود بني النضير أمرهم بأن يعتبروا والاعتبار من العبور وهو المجاوزة والمقصود قيسوا أنفسكم بهم ، لأنكم بشر مثلهم إن فعلتم مثل فعلهم حاق بكم ماحاق بهم فهذه الآية عامة في الأخذ بجميع أنواع الاعتبار ولما كان القياس هو المجاوزة من الفرع إلى الأصل لوجود علة جامعة بينهما اندرج ضمن أنواع الاعتبار التي أمر الله تعالى بها .

ومن السنة: عن معاذ رضي الله عنه ، رسول الله صلى الله عليه وسلم لما بعثه إلى اليمن قاضيا قال كيف تصنع إن عرض لك قضاء؟ قال أقضي بما في كتاب الله قال فإن لم يكن في كتاب الله؟ قال:فبسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فإن لم يكن في سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ قال اجتهد رأيي لا الوا قال فضرب رسول الله صلى الله عليه وسلم صدري وقال الحمدلله الذي وفق رسول رسول الله لما يرضي رسول الله صلى الله عليه وسلم ﴾ رواه أبوداود والترمذي وأحمد والطيالسي وصححه غير واحد من المحققين.

ووجه الاستدلال . أنه صوبه في الانتقال من الكتاب والسنة إلى الاجتهاد،والقياس لون من ألوان الاجتهاد .

الاجماع: العمل بالقياس مجمع عليه بين الصحابة وكل ماكان عليه مجمع بين الصحابة حق يجب الالتزام به .

ومن امثله ذلك مارواه عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه : أنه كتب إلى أبي موسى الأشعري رسالته المشهورة ﴿ أعرف الأشباه والنظائر وقس الأمور برأيك ﴾ أخرجه البيهقي في السنن الكبرى والخطيب البغدادي في الفقيه والمتفقه.

المعقول: إن نصوص الكتاب والسنة محدودة متناهية والوقائع التي تقع للناس غير متناهية ففي كل زمان ومكان تظهر وقائع جديدة فإذا لم ينص على نصوص الكتاب والسنة لتجد الحكم للوقائع الجديدة فإنها تبقى بلا حكم وهو باطل ، لأن الشريعة عامة وشاملة لكل ما يستجد فما من واقعة إلا ولها حكم وعلى المجتهدين استنباطه بناء على قواعد الاستنباط المعروفة.

(السؤال الرابع)/ مامفهوم قوله عليه الصلاة والسلام ﴿ من أصاب فله أجران ومن أخطأ فله أجر ﴾.

(الجواب الرابع)/ المراد أن الحاكم أو القاضي أو العالم المجتهد إذا اجتهد وبذل وسعه في سبيل الوقوف على حكم مسألة وأخطأ في الحكم فإنه لايأثم بل يؤجر على اجتهاده أما إذا أصاب الحق فإنه يضاعف له الأجر فيفوز بأجر الاجتهاد وأجر إصابة الحق .

واشترط العلماء ان يكون عالما بالاجتهاد وأما إذا لم يكن عالما وإنما يتكلف الاجتهاد ويدعي العلم فلا يشمله حكم الحديث.

(السؤال الخامس)/ ماالحكم إذا اتفقت آراء الفقهاء من المجتهدين جميعا على حكم واحد في واقعة هل يكون قانونا شرعيا يجب اتباعه وهل تجوز مخالفته؟.

(الجواب الخامس)/ إذا اتفق الفقهاء المجتهدون جميعا على حكم واحد في واقعة من الوقائع فإنه يعد إجماعا لاتجوز مخالفته ويجب اتباعه ومن خالفه حينئذ يناله الوعيد الذي ذكرناه في الأدلة على حجة الإجماع.

(السؤال السادس)/ هل يعتبر القياس مأخذا رابعا لأخذ الأحكام الشرعية؟.

(الجواب السادس)/ يعتبر القياس مصدرا رابعا تؤخذ منه الأحكام الشرعية بعد الكتاب والسنة والإجماع.

يقول القرطبي قال البخاري في كتاب (الاعتصام بالكتاب والسنة) والمعنى لاعصمة لأحد إلا في كتاب الله أو سنة نبيه أو في اجماع العلماء إذا وجد فيها الحكم فإن لم يوجد فالقياس وقد ترجم على هذا (باب من شبه أصلا معلوما بأصل مبين قد بين الله حكمها ليفهم السائل) وترجم بعد هذا (باب الأحكام التي تعرف بالدلائل وكيف معنى الدلالة وتفسيرها) الجامع لأحكام القرآن ١٧٢/٧

(السؤال السابع)/ ماحكم الذي يقول إن أول من قاس هو الشيطان؟.

(الجواب السابع)/ إذا أراد القائل بقوله الشيطان أول من قاس؟ لأنه كما ورد في القرآن ﴿ أنا خير منه خلقتني من نار وخلقته من طين ﴾ الأعراف ١٢ فهذا صحيح.

لأنه روي عن ابن عباس والحسن وابن سيرين أنهم قالوا أول من قاس إبليس فأخطأ القياس وقال الحكماء أخطأ عدو الله من حيث فضل النار على الطين وإن كانا في درجة واحدة من حيث هما جماد مخلوق.

أما إذا أراد بقوله الشيطان أول من قاس إنكار القياس الشرعي ورده والطعن فيه فهذا لا يجوز لأن العلماء الأعلام أجمعوا على الأخذ بالقياس ولا عبرة بقول الشواذ ومخالفة الإجماع حرام.

(السؤال الثامن)/ ماحكم تقليد أحد الأئمة الأربعة في الشريعة الإسلامية؟.

(الجواب الثامن)/ المسلمون إزاء مسألة التقليد صنفان :

-الصنف الأول : وهم المجتهدون أي القادرون على استنباط الأحكام الشرعية من أدلتها وهؤلاء لا يسعهم التقليد بل يجب عليهم الاجتهاد.

الصنف الثاني : وهم العوام أي الذين لا يقدرون على الاجتهاد وهؤلاء يجوز لهم تقليد أحد الأئمة الأربعة.

والمراد بالتقليد هنا هو اتباع قول المجتهد في المسألة من غير معرفة لدليله معرفة تامة في الفروع الفقهية والدليل على ذلك قوله تعالى ﴿ فاسألوا أهل الذكر إن كنتم لا تعلمون ﴾ الأنبياء٧ وقوله صلى الله عليه وسلم في قصة ذي الشجة المشهورة ﴿ ألا سألوا إذا لم يعلموا فإنما شفاء العي السؤال ﴾ أخرجه أبو داود وابن ماجة وأحمد والحاكم والطبراني.

وكذلك لو كلف عامة الناس بالاجتهاد لتعذر ذلك لما يتطلبه الاجتهاد من قدرات ذهنية خاصة ورسوخ في العلم ومعرفة بأحوال الناس ووقائعهم، ودأب على طلب العلم وصبر عليه ولو كانت متاحة لكل الناس فإن اشتغالهم بها يؤدي إلى بطلان معايشهم وخراب دنياهم.

(السؤال التاسع)/ هل تنطبق الآية الكريمة ﴿ اتخذوا أحبارهم ورهبانهم أربابا من دون الله ﴾ على تقليد الأئمة الاربعة أبي حنيفة ومالك والشافعي وأحمد.؟

(الجواب التاسع)/ المقصود بالآية أنهم جعلوا أحبارهم كالأرباب حيث أطاعوهم في كل شيء وقد روى الترمذي عن عدي بن حاتم قال أتيت النبي صلى الله عليه وسلم وفي عنقي صليب من ذهب فقال ياعدي اطرح عنك هذا الوثن وسمعته يقرأ في سورة براءة اتخذوا أحبارهم ورهبانهم أربابا من دون الله والمسيح ابن مريم التوبة ٣١ ثم قال أما إنهم لم يكونوا يعبدونهم ولكنهم كانوا إذا أحلوا لهم شيئا استحلوه وإذا حرموا عليهم شيئا حرموه ﴾ .

فأين الأئمة الأربعة رحمهم الله من هؤلاء الأحبار الذين يحلون ماحرم الله ويحرمون ما أحل الله معاذ الله أن يجعل الأئمة الأعلام في منزلة هؤلاء الأحبار وهم الذين بذلوا جهدهم وأفنوا أعمارهم في خدمة الشريعة الإسلامية ، وما وقع بينهم من اختلاف هو بسبب اختلاف اجتهاداتهم وهم مأجورون في ذلك والقول بأن حكم الآية يشملهم افتراء وبهتان [illegible] عظيم.

(السؤال العاشر)/ هل التقليد لأحد الأئمة الأربعة يدخل في زمرة الشرك والكفر ؟

(الجواب العاشر)/ تقليد الأئمة الأربعة لغير المجتهد جائز ولا علاقة له بالكفر والشرك ، فالأئمة الأربعة رحمهم الله دعاة حق ودين وهبوا أنفسهم لتعلم العلم الشرعي وتعليمه حتى بلغوا حظاً كبيراً منه مكنهم من القدرة على الاجتهاد فالمقلد لهم من عامة المسلمين على هدى وفلاح إن شاء الله تعالى.

(السؤال الحادي عشر)/ ماحكم الذي يعتقد أن المقلدين هم يفعلون الشرك والكفر ؟

(الجواب الحادي عشر)/ الذي يعتقد هذا عليه أن يدرك أن اعتقاده هذا خطأ لاأساس له من الصحة وهذا الاعتقاد يدل على جهل كبير بالشريعة الإسلامية التي فرقت بين الكفر والإيمان والشرك والتوحيد وعليه أن يتعلم من دينه مايعرف به بين الشرك والكفر وبين الاجتهاد .

(السؤال الثاني عشر)/ هل يحتاج الناس إلى تقليد لأحد الأئمة الأربعة أم لا ؟ وهل يؤدي التقليد فيما لانص فيه إلى ضلالة ؟

(الجواب الثاني عشر)/ كما فصلنا سابقاً فإن غير المجتهد في حاجة إلى أن يقلد المجتهد وتقليد المجتهد سواء كان فيما لانص فيه أو في فهم النص جائز ولايؤدي إلى ضلالة بل لاعلاقة له بالضلالة إطلاقاً.

وبالله تعالى التوفيق

*** *** *** *** ***

سیکرٹریٹ رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ۔

نمبر ۱۰-۲۹۶ مورخہ ۸ محرم ۱۴۱۶ھ   عنوان: سوالات کا جواب

مکرم ڈاکٹر عدنان حکیم حفظہ اللہ تعالیٰ بواسطہ شیخ غلام مصطفیٰ بن عبدالحکیم
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد، آپ کے ۱۹-۷-۱۹۹۵ء
کے مکتوب میں بعض سوالات کا جواب طلب کیا گیا ہے اس خط کے حوالہ سے
فضیلۃ الشیخ محمد بن عبداللہ السبیل امور مسجد حرام ومسجد نبوی ﷺ کے سربراہ کا
مکمل جواب ارسال کرنے پر خوشی محسوس کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ سب کو اپنی مرضیات
پر چلنے کی توفیق دے۔

ڈاکٹر احمد محمد مقری: مدیر المجمع الفقہی الاسلامی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی ادارہ برائے امور مسجد حرام ومسجد نبوی

مملکت عربیہ سعودیہ

(ڈاکٹر عدنان حکیم کے سوالات کا جواب)

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ تعالیٰ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے،
میں درود وسلام کہتا ہوں محمد ﷺ پر جو ہمارے آقا ہیں اور اس کے بندے اور رسول
نیز آپ کی آل پر اور تمام اصحاب پر۔

سوال نمبر ۱۔ کیا صحابہ کرام، تابعین عظام، اور فقہاء امت کا اجماع حجت
شرعیہ ہے یا نہیں؟ اور کیا اجماع تشریع اسلامی کا تیسرا ماخذ ہے یا نہیں؟ اجماع کے

حجت ہونے کی کیا دلیل ہے؟ اور بالکلیہ اجماع کے منکر کا کیا حکم ہے؟

جواب۔ باتفاق علماء صحابہ کرام کا اجماع حجت شرعیہ ہے اسی طرح تابعین اور فقہاء کا اجماع بھی حجت شرعیہ ہے البتہ اس میں داود ظاہری نے اختلاف کیا ہے ان کی رائے یہ ہے کہ غیر صحابہ کا اجماع حجت شرعیہ نہیں لیکن حجت ہونے کا قول صحیح ہے کیونکہ حجیت اجماع کے دلائل عام ہیں، صحابہ رضی اللہ عنہ وغیر صحابہ سب کے اجماع کو شامل ہیں اس لیے صرف صحابہ کرام کے اجماع کو حجت کہنا سینہ زوری ہے، اس پر کوئی دلیل قائم نہیں! کتاب وسنت کے بعد اجماع کو تشریع اسلامی کے مآخذ میں سے تیسرا ماخذ تسلیم کیا گیا ہے۔

دلائل حجیت اجماع۔۔۔ جمہور علماء کے نزدیک اجماع حجت شرعیہ ہے اس پر عمل کرنا واجب ہے اس پر کتاب وسنت کے بہت سے دلائل ہیں ہم ان میں سے چند ایک ذکر کرتے ہیں۔

۱۔۔۔۔۔ فرمان خداوندی ہے "ومن یشاقق الرسول من بعد" (الآیۃ)

جو شخص ہدایت واضح ہوجانے کے بعد رسول کی مخالفت کرتا ہے اور سبیل المؤمنین کے علاوہ کسی دوسرے راستہ پر چلتا ہے ہم اس کو ادھر پھیر دیتے ہیں جدھر وہ پھرتا ہے اور ہم اس کو جہنم میں داخل کریں گے اور وہ برا ٹھکانہ ہے۔ (نساء ۱۱۵)

اللہ تعالیٰ نے سبیل المؤمنین کے ترک پر وعید فرمائی ہے اگر یہ حرام نہ ہوتا تو اس پر وعید نہ وارد ہوتی۔ اور اس وعید میں سبیل المؤمنین کے ترک کو اور مخالفت رسول کو جو حرام ہے جمع نہ کیا جاتا اور جب غیر سبیل المؤمنین کی اتباع حرام ہے تو سبیل المؤمنین کی اتباع واجب ہوگی اور اجماعی حکم سبیل المؤمنین ہے لہذا اس کی اتباع واجب ہے۔

۲۔۔۔۔۔ اور سنت سے دلیل یہ ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

جواب۔۔۔۔ قیاس فقہ اسلامی کے مآخذ میں سے چوتھا ماخذ ہے اور اس کی حجیت کتاب وسنت اور اجماع سے ثابت ہے اس پر صحابہ کرام، تابعین اور فقہاء امت نے قرنا قرن عمل کیا ہے۔ جمہور علماء کے نزدیک قیاس پر عمل کرنا واجب ہے جبکہ داؤدظاہری اور ان کے پیروکاروں نے اس کا انکار کیا ہے، انہوں نے کہا کہ قیاس حجت شرعیہ نہیں ہے، ان کے دلائل میں سے ایک دلیل وہی ہے جس کا آپ نے سوال میں ذکر کیا ہے۔ علماء نے ان کے دلائل کے جوابات بھی دیئے ہیں، ہم مختصر طور پر بعض جواب ذکر کرتے ہیں۔ اور اگر آپ کو مزید وسعت درکار ہو تو کتب اصول فقہ کی طرف مراجعت کیجئے۔ مثلاً علامہ جوینیؒ کی البرھان، امام رازیؒ کی المحصول، الاحکام للآمدیؒ، شروح مختصر ابن حاجبؒ، اصول سرخسیؒ، اور عبد العزیز بخاریؒ کی کشف الاسرار ان کتابوں میں منکرین قیاس کا تفصیلی رد ہے۔ بہر کیف وہ آیات جن میں اتباع ظن سے نہی کی گئی ہے، ان کا قیاس شرعی سے کوئی تعلق نہیں نہ اس پر منطبق ہوتی ہیں کیونکہ ان آیات میں جس چیز سے نہی کی گئی ہے وہ ہے۔ عقاید میں ظن کی اتباع۔ رہے احکام عملیہ سو ان کے اکثر دلائل ظنی ہیں اگر ہم اس شبہ کا اعتبار کرلیں تو ہمیں وہ تمام دلائل شرعیہ ترک کرنے پڑیں گے جو ظنی الدلالت ہیں اور یہ باطل ہے۔ رہا ان کا اللہ تعالیٰ کے فرمان ولاتقف مالیس لک بہ علم سے استدلال سو اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت سے مقصود نہی ہے اس بات سے کہ کوئی انسان محل یقین میں امکان تیقن کے باوجود حصول یقین سے انحراف کرکے ظن وتخمین پر اعتماد کرے پس یہ نہی قیاس شرعی کو شامل نہیں کیونکہ فرع واصل کے درمیان علت جامعہ پائے جانے کی وجہ سے حکم کے اعتبار سے فرع کو اصل کے ساتھ لاحق کرنا اس حکم کے قبیل سے نہیں جس سے آیت میں منع کیا گیا ہے، یعنی بغیر علم کے قول کرنا، کیونکہ مجتہد اسی چیز کو اختیار کرتا ہے جو اس کے نزدیک راجح ہوتی ہے اور اس کا

سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں، میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ میری امت کو یا فرمایا امت محمد ﷺ کو گمراہی پر جمع نہ کرے گا۔ (ترمذی) اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک، اللہ تعالیٰ میری امت کو گمراہی پر جمع نہ کرے گا اور اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے اور جو جماعت سے کٹا وہ آگ میں پڑا۔ (ترمذی) ان سب احادیث کا اختلاف الفاظ کے باوجود مفہوم ایک ہے۔ یعنی مجموعی طور پر امت کا خطا سے معصوم ہونا۔ اس سے ثابت ہوا کہ علماء کا اجماع حجت شرعیہ ہے۔ ہمیشہ ان احادیث سے بغیر کسی رد وقدح کے پہلے صحابہ کرام پھر ان کے بعد والے علماء عظام حجیت اجماع کو ثابت کرتے رہے ہیں۔ تاآنکہ بعد میں مخالفین اجماع پیدا ہوگئے۔

منکرین اجماع کا حکم:--- اجماع قطعی کے منکر کے بارے میں علماء کے تین قول ہیں۔

(۱) مطلقاً اجماع قطعی کا انکار کفر ہے۔

(۲) مطلقاً اجماع قطعی کا انکار کفر نہیں۔

(۳) اگر اجماعی حکم کا دین میں سے ہونا امر قطعی ہو جیسے پانچ نمازیں تو اس کا انکار کفر ہے اور اگر اس کا دین میں سے ہونا امر قطعی نہ ہو تو اس کا انکار کفر نہیں۔ تاہم اجماع کی مخالفت جائز نہیں جیسا کہ ہم ذکر کر چکے ہیں کہ اجماع حجت شرعیہ ہے اس پر عمل کرنا واجب ہے۔

سوال نمبر ۲----- قیاس کی بنیاد ظن پر ہے اور جس چیز کی بنیاد ظن پر ہو وہ ظنی ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ نے ظن کی اتباع سے منع فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "اور اس چیز کے پیچھے مت چل جس کا تجھے علم نہیں" (الاسراء۔ ۳۶) لہٰذا قیاس کے ساتھ حکم بتانا درست نہیں کیونکہ یہ اتباع ظن ہے"۔

اجتہاد اس تک پہنچتا ہے۔

سوال نمبر ۳۔۔۔۔ قیاس شرعی کے حجت ہونے کی کیا دلیل ہے؟

جواب۔۔۔۔۔ علماء نے قیاس کی حجیت کو کتاب وسنت اور اجماع سے نیز عقلی دلیل سے ثابت کیا ہے، ہم ان میں سے بعض ذکر کرتے ہیں اور اگر مزید دلائل معلوم کرنے کا ارادہ ہو تو ان کتب اصول کی طرف مراجعت کی جائے جن کا میں نے منکرین قیاس کے شبہات کے رد میں پہلے ذکر کیا ہے۔ کتاب اللہ سے دلیل فرمان الٰہی ہے۔ ھو الذی اخرج الذین کفروا من اھل الکتاب۔ الآیۃ۔ اللہ وہ ہے جس نے اہل کتاب میں سے کافروں کو ان کے گھروں سے نکالا۔ پہلے حشر کے وقت تمہارا گمان نہیں تھا کہ وہ نکلیں گے اور انہوں نے گمان کیا کہ ان کے قلعے ان کو اللہ کے عذاب سے بچالیں گے سو ان پر اللہ کا عذاب ایسے طور پر آیا جس کا وہ گمان بھی نہیں رکھتے تھے اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا گیا وہ گراتے تھے اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں اور مؤمنین کے ہاتھوں، پس عبرت پکڑو اے ارباب بصیرت: محلِ استدلال اللہ تعالیٰ کا فرمان فاعتبروا یا اولی الابصار ہے۔ وجہ استدلال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب مسلمانوں کو اس عذاب کی خبر دی جو بنو نضیر پر نازل ہوا تو ان کو حکم دیا کہ وہ عبرت پکڑیں اور الاعتبار العبور سے مشتق ہے۔ اور العبور کا معنی ہے المجاوزۃ یعنی گذرنا۔ مقصود یہ ہے کہ اپنے نفوس کو ان پر قیاس کرو کیونکہ تم بھی ان جیسے بشر ہو اگر تم ان جیسے کام کروگے تو تمہارے اوپر بھی وہی عذاب اتر پڑے گا جو ان پر اترا۔ پس یہ آیت تمام انواع اعتبار کو شامل ہے اور جب قیاس میں فرع واصل کے درمیان موجود علت جامعہ کی وجہ سے فرع سے اصل کی طرف مجاوزت ہوتی ہے تو یہ بھی اس اعتبار کے انواع میں داخل ہوگا جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اور سنت سے دلیل یہ ہے کہ حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کو یمن کی

طرف قاضی بنا کر بھیجا تو دریافت فرمایا کہ آپ کیسے فیصلہ کریں گے؟ انہوں نے جواب دیا کتاب اللہ کے ساتھ۔ فرمایا! اگر کتاب اللہ میں نہ ہوا تو؟ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا سنت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ فیصلہ کروں گا۔ آپ نے فرمایا اگر آپ کو سنت رسول ﷺ میں بھی نہ ملے تو پھر؟ کہنے لگے میں اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا۔ اور اس میں کوتاہی نہ کروں گا رسول اللہ ﷺ نے ان کے سینے پہ ہاتھ مارا اور فرمایا اللہ کا شکر ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کے قاصد کو اس چیز کی توفیق دی جس پر اللہ کا رسول راضی ہے۔ (ابوداود۔ ترمذی، مسند احمد، ابوداؤد طیالسی) اور اس کی بہت سے محققین نے تصحیح کی ہے) وجہ استدلال یہ ہے کہ آپ ﷺ نے فیصلہ کرنے میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے کتاب وسنت سے اجتہاد کی طرف منتقل ہونے کو درست قرار دیا ہے اور قیاس بھی اجتہاد کے انواع میں سے ایک نوع ہے۔ علاوہ ازیں عمل بالقیاس پر صحابہ کرام کا اجماع ہے اور ہر وہ امر جس پر صحابہ کرام کا اجماع ہو وہ حق ہے اس کا التزام واجب ہے، اس کی مثالوں میں سے ایک مثال یہ ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف اپنا مشہور حکمنامہ تحریری طور پر بھیجا کہ اشباہ و نظائر کو پہچانیے اور امور میں اپنی رائے کے ساتھ قیاس کیجئے (سنن کبری بیہقی، الفقیہ والمتفقہ للخطیب) عقلی دلیل یہ ہے کہ کتاب وسنت کی نصوص محدود اور متناہی ہیں اور لوگوں کو درپیش مسائل غیر متناہی ہیں کیونکہ ہر زمان ومکان میں نئے مسائل ظہور پذیر ہوتے ہیں سو اگر ان کے احکام معلوم کرنے کے لیے کتاب وسنت کی نصوص پر قیاس نہ کریں تو وہ بغیر حکم شرعی کے باقی رہ جائیں گے اور یہ باطل ہے کیونکہ شریعت مقدسہ عام ہے اور تمام نئے پیش آمدہ مسائل کو شامل ہے: ہر ہر واقعہ کے لیے شریعت میں حکم موجود ہے اور مجتہدین پر لازم ہے کہ وہ استنباط کے قواعد معروفہ کے موافق استنباط

کریں۔

سوال نمبر ۴۔۔۔۔۔ رسول اللہ ﷺ کے اس فرمان کا کیا مطلب ہے جو درست اجتہاد کرے اس کے لیے دو اجر ہیں اور جو غلط اجتہاد کرے اس کے لیے ایک اجر ہے۔

جواب۔۔۔۔۔۔ اس سے مراد حاکم یا قاضی یا عالم مجتہد ہے۔ جب اس نے اجتہاد کیا اور اپنی ممکنہ استطاعت کسی مسئلہ کے حکم معلوم کرنے میں صرف کی اس کے باوجود اس سے حکم میں غلطی ہو گئی تو وہ گناہ گار نہ ہوگا بلکہ اپنے اجتہاد پر ماجور ہوگا اور اگر اس نے حق کو پالیا تو اس کے لیے دوگنا اجر ہوگا ایک اجر اجتہاد پر دوسرا صابت حق پر: بشرطیکہ وہ شرائط اجتہاد کا عالم وحامل ہو اور اگر شرائط اجتہاد کا عالم وحامل نہ ہو اور محض تکلف کرکے اجتہاد کرے اور علم کا دعویٰ کرے تو یہ حدیث اس کو شامل نہیں:

سوال نمبر ۵۔۔۔۔۔ جب تمام فقہاء مجتہدین کی آراء کسی واقعہ کے ایک حکم پر متفق ہوں تو کیا وہ قانون شرعی ہوجاتا ہے؟ کیا اس کی اتباع واجب ہے؟ یا اس کی مخالفت جائز ہے؟

جواب۔۔۔۔۔ جب تمام فقہاء مجتہدین کسی واقعہ کے ایک حکم پر متفق ہوجائیں تو اس کو اجماع شمار کیا جاتا ہے جس کی مخالفت ناجائز اور اتباع واجب ہے اور جو اس اجماع کی مخالفت کرتا ہے وہ اس وعید کی زد میں آتا ہے جس کو ہم نے حجیت اجماع کے دلائل میں ذکر کیا ہے:۔

سوال نمبر ۶۔۔۔۔۔۔ کیا احکام شرعیہ کے لیے قیاس کا چوتھے ماخذ کے طور پر اعتبار کیا جاتا ہے؟

جواب۔۔۔۔۔ کتاب وسنت اور اجماع کے بعد احکام شرعیہ معلوم کرنے

کے لیے قیاس جو تھا ماخذ ہے۔ اس کے ذریعے احکام شرعیہ معلوم کئے جاتے ہیں۔
علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں امام بخاریؒ نے کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ میں فرمایا ہے،
"مطلب یہ ہے کسی کے لیے جواز نہیں مگر کتاب اللہ میں یا سنت نبویہ میں یا علماء کے
اجماع میں جبکہ ان میں حکم موجود ہو پس اگر ان میں حکم موجود نہ ہو تو پھر قیاس ہے۔
اس پر امام بخاری نے ترجمۃ الباب قائم کیا باب الاحکام التی تعرف بالدلائل وکیف
معنی الدلالۃ وتفسیرھا۔ یعنی یہ باب ہے ان احکام کے بیان میں جو دلائل سے معلوم
کئے جاتے ہیں اور دلالت کیسے ہوتی ہے اور اس کی کیا تفسیر ہے؟

(احکام القرآن ۷-۲۷۱)

سوال نمبر۷------ اس آدمی کا کیا حکم ہے جو کہتا ہے کہ سب سے پہلے
شیطان نے قیاس کیا ہے؟

جواب------ اگر قائل کی مراد انا خیر منہ خلقتنی من نار وخلقتہ من
طین والا قیاس ہے تو قائل کا یہ قول درست ہے کیونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ
عنہ حسن بصری اور ابن سیرین سے نقل کیا گیا ہے کہ انہوں نے فرمایا سب سے پہلے
شیطان نے قیاس کیا اور غلط قیاس کیا اور حکماء نے کہا ہے اللہ کے دشمن نے غلط کہا
کیونکہ اس نے آگ کو مٹی پر فضیلت دی حالانکہ وہ دونوں ایک درجہ میں ہیں کہ
وہ دونوں بے جان مخلوق ہیں۔ اور اگر قائل کا مقصد قیاس شرعی کا انکار ورد ہے اور اس
پر طعن! تو یہ ناجائز ہے، کیونکہ ماہرین علماء کا اجماع ہے اخذ بالقیاس پر: اور اجماع کی
مخالفت حرام ہے، جبکہ شاذ اقوال کا کوئی اعتبار نہیں۔

سوال نمبر۸------ اسلامی شریعت میں ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک
امام کی تقلید (یعنی تقلید شخصی) کا کیا حکم ہے؟

جواب------ مسئلہ تقلید کے اعتبار سے مسلمانوں کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) مجتہدین یعنی وہ علماء جو دلائل سے مسائل مستنبط کرنے کی قدرت رکھتے ہیں ان کے لیے تقلید جائز نہیں بلکہ ان پر اجتہاد واجب ہے۔ (۲) عوام، یعنی وہ لوگ جو اجتہاد کی قدرت واہلیت نہیں رکھتے ان کے لیے ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک کی تقلید جائز ہے۔ اور تقلید سے مراد یہ ہے کہ فقہی مسائل میں دلیل جانے بغیر مجتہد کے قول کی اتباع کرنا۔ اس پر دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے۔ پس پوچھو اہل علم سے اگر تم نہیں جانتے۔ (الانبیاء۔ ۷) اور رسول اللہ ﷺ کا فرمان زخمی صحابی کے مشہور واقعہ میں کہ "جب وہ نہیں جانتے تھے تو انہوں نے پوچھ کیوں نہ لیا: عاجز آدمی کے لیے بجز سوال کے کسی بات میں شفا نہیں" (ابوداؤد۔ ابن ماجہ، احمد، حاکم، طبرانی) اور عامۃ الناس کو اجتہاد کا مکلف بنانا متعذر ہے، کیونکہ اجتہاد کا تقاضا ہے کہ مجتہد میں خاص ذہنی صلاحیت ہو۔ علم میں پختگی ہو اور لوگوں کے احوال اور وقائع کی معرفت اور طلب علم اور اس پر صبر کی عادت اور اگر سب لوگ ان شرائط کو پورا کرنے کے لیے ان کے حصول میں مشغول ہوجائیں تو کاروبار معیشت باطل ہوجائیں گے اور نظام دنیا درہم برہم ہوجائے گا۔"

سوال نمبر ۹ ----- کیا یہ آیت کریمہ "اتخذوا احبارھم ورھبانھم اربابا من دون اللہ" ائمہ اربعہ یعنی امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل کی تقلید پر منطبق ہوتی ہے یا نہیں؟

جواب ----- آیت سے مقصود یہ ہے کہ انہوں نے اپنے احبار کو ارباب کی طرح بنالیا کیونکہ انہوں نے ان کی ہر چیز میں اطاعت کی چنانچہ امام ترمذی نے عدی بن حاتم سے روایت نقل کی ہے وہ فرماتے ہیں میں نبی ﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ میری گردن میں سونے کی صلیب تھی آپ نے فرمایا اے عدی اس کو اتار پھینک۔ یہ بت ہے اور میں نے آپ ﷺ سے سنا آپ نے سورہ براءۃ کی

یہ آیت تلاوت کی اتخذو احبارھم ورھبانھم اربابا من دون الله والمسیح بن مریم (توبہ - ۳۱) پھر فرمایا خوب سن لو وہ ان کی عبادت نہیں کرتے تھے، لیکن جب وہ کسی چیز کو حلال قرار دیتے یہ اس کو حلال سمجھتے اور جب وہ ان پر کوئی چیز حرام کرتے تو یہ اس کو حرام سمجھتے۔ سو کہاں ائمہ اربعہ اور کہاں وہ احبار جو اللہ کی حرام کردہ چیز کو حلال قرار دیتے ہیں اور اللہ کی حلال ٹھہرائی ہوئی چیز کو حرام ٹھہراتے ہیں۔ اللہ کی پناہ اس بات سے کہ ائمہ اعلام کو ان احبار جیسا سمجھا جائے کیونکہ ان ائمہ نے شریعت اسلامیہ کی خدمت میں اپنی پوری قوت صرف کی اور اس میں اپنی زندگیاں لگادیں اور ان کے درمیان جو مسائل میں اختلاف ہے وہ درحقیقت اختلاف اجتہادات کی وجہ سے ہے۔ ان کا یہ اختلاف باعث اجر ہے۔ اور یہ کہنا کہ مذکورہ بالا آیت ائمہ اربعہ کو بھی شامل ہے جھوٹ ہے، بہتان ہے۔ اس کا سبب جہالت عظیمہ ہے۔

سوال نمبر ۱۰----- کیا ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک کی تقلید شرک و کفر کے زمرہ میں داخل ہے؟

جواب----- ائمہ اربعہ کی تقلید غیر مجتہد کے لیے جائز ہے اس کا کفر و شرک کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ائمہ اربعہ حق اور دین حق کے داعی ہیں۔ انہوں نے اپنے نفوس کو علم شریعت کے سیکھنے سکھانے کے لیے وقف کردیا۔ حتیٰ کہ اس علم کا بڑا حصہ پایا۔ جس کی وجہ سے ان میں اجتہاد کی قدرت وصلاحیت پیدا ہوگئی۔ سو عامۃ المسلمین جو ان کے مقلد ہیں وہ راہ ہدایت اور راہ نجات پر ہیں انشاء اللہ۔

سوال نمبر ۱۱----- اور جو شخص یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ مقلدین شرک اور کفر کرتے ہیں اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب----- جو شخص یہ عقیدہ رکھتا ہے اس کو معلوم ہونا چاہیے کہ ہمیں

کا یہ عقیدہ غلط ہے اس کی قطعاً کوئی بنیاد نہیں اور یہ عقیدہ دلالت کرتا ہے شریعت اسلامیہ سے بڑی جہالت پر کیونکہ شریعت اسلامیہ نے کفر وایمان شرک و توحید کے درمیان فرق کیا ہے ایسے شخص پر لازم ہے کہ وہ دین کا اتنا حصہ ضرور سیکھے جس کے ساتھ وہ شرک و کفر اور اجتہاد کے درمیان فرق کر سکے۔

سوال نمبر ۱۲-----کیا لوگ ائمہ اربعہ میں سے کسی امام کی تقلید کے محتاج ہیں یا نہیں؟ اور جس مسئلہ میں نص نہ ہو اس میں تقلید گمراہی ہے یا نہیں؟۔

جواب----اس کا جواب ویسا ہی ہے جیسا ہم نے پہلے تفصیلاً لکھا ہے کہ غیر مجتہد محتاج ہے مجتہد کی تقلید کی طرف اور مجتہد کی تقلید خواہ غیر منصوص مسئلہ میں ہو یا نص کے سمجھنے میں ہو جائز ہے یہ تقلید گمراہی کی طرف مفضی نہیں ہے بلکہ اس کا گمراہی سے کوئی تعلق نہیں۔ اللہ تعالیٰ سے توفیق کا سوال ہے۔

